پریس ریلیز

لاہور: 17 دسمبر 2018ء

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کسانوں کو قرضہ جات فراہم کرنے والا سب بڑا ملکی ادارہ ہے اور میں مشکور ہوں بینک کے صدر شیخ امان اللہ صاحب کا کہ انہوں نے آج مجھے اس باوقار تقریب میں مدعو کیا۔ خوشی کی بات ہے کہ یہ ادارہ اسلامی بینکنگ کا آغاز کر رہا ہے جو کہ ادارے اور کسانوں کے لئے ایک مبارک ساعت ہے۔ اسلامک بینکنگ لائسنس کے حصول کیلئے شیخ امان اللہ صدر زرعی ترقیاتی بینک کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ یہ بات گورنر پنجاب محمد سرور نے آج یہاں زرعی ترقیاتی بینک کے "اسلامک بینکنگ سیٹ اپ" کا افتتاح کرتے ہوئے بطور مہمان خصوصی کہی۔

اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور ہماری معیشت کا دارومدار زراعت پر ہے اور زراعت کی ترقی کیلئے زرعی بینک جسطرح سے کسانوں کو اپنی 500 برانچوں کے ذریعہ سہولتیں بہم پہنچا رہا ہے وہ قابل ستائش ہیں، جدید زرعی ٹیکنالوجی اور جدید طریقہ کاشت کے فروغ کے لئے بینک کی خدمات قابل ستائش ہیں۔ کسانوں کو بروقت قرضہ جات کی فراہمی کے علاوہ پولٹری کی صنعت کے فروغ میں بھی بینک کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ بینک نے اس صنعت کے فروغ کیلئے نہ صرف قرضے فراہم کئے بلکہ اسکے بنیادی ڈھانچے کی تشکیل میں بھی اہم کردار ادا کیا اور اب یہ امر بھی قابل تحسین ہے کہ بینک اسلامی بینکاری کا آغاز کر رہا ہے۔ زرعی ترقیاتی بینک 1961 میں قائم ہوا تھا۔ یہ بینک گزشتہ 57 سالوں سے سودی نظام کے تحت کاروبار کر رہا ہے۔ 57 سالوں کے بعد زرعی ترقیاتی کا بزنس ماڈل تبدیل ہونا موجودہ حکومت کی ترجیحات کے عین مطابق ہے۔ اور یقیناً یہ اقدام کسانوں کے لئے بھی اہم قدم ثابت ہوگا جو کہ ملکی معیشت میں اضافے کا بھی باعث ہوگا۔ میں بینک کے صدر اور انکے رفقائے کار جو اسلامی بینکاری کے قیام اور اس کے آغاز کیلئے اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان سب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور جس لگن اور انتھک محنت سے اس بینک کے صدر اور انکا عملہ کسانوں کو سہولتیں بہم پہنچانے کے لئے کوشاں ہیں اس کے لئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلاتا ہوں۔

بینک کے صدر شیخ امان اللہ نے مہمان خصوصی اور دیگر حاضرین کو خوش آمدید کہتے ہوئے بینک کی کارکردگی سے آگاہ کیا اور کہا کہ وہ ذاتی طور پر اور ان کا عملہ اپنی استعداد کار سے بڑھ کر بینک کی کارکردگی میں اضافے کے لئے کوشاں ہیں۔ بینک کسانوں کو جدید سہولتوں سے روشناس کرانے بروقت قرضہ جات کی فراہمی کے علاوہ حج درخواستوں اور یوٹیلٹی بلوں کی وصولی اور سمندر پار پاکستانیوں کی سہولت کے لئے ویسٹرن یونین کی سہولتیں بھی فراہم کر رہا ہے۔ ہماری زیادہ سے زیادہ کوشش ہے کہ جدید زرعی سہولتوں اور جدید زرعی مشینری کے

استعمال سے کسانوں کو روشناس کرایا جائے ۔جو کہ ملکی پیداوار میں اضافے کا باعث ہوگا۔انہوں نے بتایا کہ زرعی ترقیاتی بینک نے اسلامک بینکنگ کا آغاز وزیراعظم پاکستان عمران خان صاحب کے پاکستان کو مدینہ منورہ جیسی ریاست بنانے کے عزم پر عمل پیرا ہوتے ہوئے محترم جناب اسد عمر وفاقی وزیرخزانہ کی رہنمائی میں کیا ہے۔ اسلامی بینکنگ کا آغاز اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے کہ جو کسان سود کی وجہ سے قرض لینے میں ہچکچاہٹ کا شکار رہیں وہ بھی اسلامی بینکاری کے ذریعہ ترقی کے اس دھارے میں شریک ہوسکیں گے۔زرعی ترقیاتی بینک موجودہ حکومت کی پالیسیوں کے عین مطابق ترقی کے سفر پر گامزن ہے۔انہوں نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کا اسلامک بینکنگ لائسنس جاری کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

اس موقع پر بینک کے قرضہ جات سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات سے بھی حاضرین مستفید ہوئے۔

(محمد یٰسین)

میڈیا کنسلٹنٹ

فون نمبر 0333-5408416